رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 4** | پرچہ: **پہلا** | مضمون: **التفسیر**

تاریخ: **03-02-2025** | دن: **پیر** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: نفاق اور صدقِ ایمان میں بنیادی فرق کس طرح سامنے آتا ہے؟

سوال نمبر 2: مختلف قوموں پر عذاب کے واقعات سے کیا عملی سبق ملتا ہے؟

سوال نمبر 3: اللہ کی راہ میں جدوجہد کرتے ہوئے مومنوں کو کن رویوں سے بچنے کی تاکید کی گئی ہے؟

سوال نمبر 4: معاشرے میں اصلاح اور باہمی تعاون کو کس چیز کے ذریعے فروغ دینے کا حکم ہے؟

سوال نمبر 5: پیغمبروں کی دعوت پر بعض قوموں نے انکار کیوں کیا، اور اس رویّے کا انجام کیا ہوا؟

سوال نمبر 6: اللہ کے حکم پر استقامت اختیار کرنے کے لیے ایمان والے کو کن صفات سے متصف ہونا چاہیے؟

سوال نمبر 7: بندگیِ رب اور دنیاوی مفادات کے ٹکراؤ کی صورت میں قرآن کیا راہنمائی دیتا ہے؟

سوال نمبر 8: انسانی خواہشات کو قابو میں رکھنے کے لیے قرآن کیا رہنمائی دیتا ہے؟

سوال نمبر 9: مشکلات میں صبر اور توکل کی اہمیت کیوں بیان ہوئی ہے؟

سوال نمبر 10: اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ احکام میں تبدیلی پر کون سی تنبیہ کی گئی ہے؟

سوال نمبر 11: حق اور باطل کی پہچان کے لیے دل و دماغ کی کیا ذمہ داری ہے؟

سوال نمبر 12: قرآن میں قوموں کے انجام کا ذکر ہمیں اپنے طرزِ عمل کے بارے میں کیا سکھاتا ہے؟

سوال نمبر 13: باہمی عہد و پیمان کو پورا کرنے پر قرآن میں کیوں زور دیا گیا ہے؟

سوال نمبر 14: دعوتِ حق کی راہ میں پیش آنے والی رکاوٹوں پر مومن کا طرزِ عمل کیسا ہونا چاہیے؟

سوال نمبر 15: اللہ کی نعمتوں کو شمار نہ کر سکنے کی حقیقت ہمیں کس بات پر غور کرنے کی دعوت دیتی ہے؟

سوال نمبر 16: انبیاء علیہم السلام کی مشترکہ دعوت سے ہم کون سے اخلاقی اصول سیکھتے ہیں؟

سوال نمبر 17: ہدایت اور گمراہی کے مسئلے میں انسان کا اختیار اور اللہ کا حکم کس طرح واضح کیا گیا ہے؟

سوال نمبر 18: قرآن میں پاکیزہ کلمہ اور خبیث کلمہ کی مثال سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 19: کبر و نخوت (تکبر) کے بارے میں قرآن نے کیا سنگین نتائج ذکر کیے ہیں؟

سوال نمبر 20: اللہ تعالیٰ کا ذکر کیوں دلوں کے اطمینان کا ذریعہ قرار دیا گیا ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: مختلف قوموں کی سرکشی اور ان پر نازل ہونے والے انجام کا بیان آج کے معاشرے کو کن اخلاقی و سماجی ذمہ داریوں کی طرف متوجہ کرتا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 2: ایمان، صدق اور عمل کے باہمی ربط کی روشنی میں بتائیے کہ ایک منظم اور پُرامن معاشرہ قائم کرنے کے لیے قرآن نے کن اساسی اصولوں کی طرف توجہ دلائی ہے؟

سوال نمبر 3: قومِ یوسف اور دیگر قوموں کے واقعات سے یہ کیسے ثابت ہوتا ہے کہ آزمائشوں میں ثابت قدم رہنے پر انجامِ خیر ملتا ہے؟ جامع تجزیہ کیجیے۔

سوال نمبر 4: قرآنِ کریم میں حق و باطل کا ٹکراؤ کن انداز سے بیان ہوا ہے، اور آج کے مسلمان کو اس سے کیا رہنمائی ملتی ہے؟ مفصل روشنی ڈالیں۔

سوال نمبر 5: قرآن نے عہد کی پاسداری، عدل اور اصلاحِ معاشرہ پر بار بار زور دیا ہے۔ وضاحت کیجیے کہ یہ تعلیمات ہمارا سماجی و اخلاقی نظام کیونکر بہتر بنا سکتی ہیں؟

سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

| | | |
|---|---|---|
| درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 4 | پرچہ: پہلا | مضمون: التفسیر |
| تاریخ: 03-02-2025 دن: پیر | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25 |
| امتحانی سنٹر: ____________ | دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ | دستخط مفتش: ____________ |

رول نمبر: ____________

دستخط اُمیدوار: ____________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: منافقین کس عمل کو اپنے اوپر وبال (مَغرَم) سمجھتے ہیں؟

(الف) نماز (ب) جہاد (ج) صدقہ (د) حج

سوال نمبر 2: کچھ لوگ ایسے ہیں جن کے بارے میں بتایا گیا کہ اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے۔ یہ کون لوگ تھے؟

(الف) اہلِ کتاب (ب) صرف مال دار لوگ (ج) بنی اسرائیل کے تمام قبائل (د) ہجرت و نصرت میں مسابق ایمان والے

سوال نمبر 3: بعض اعراب اپنی انفاق کی رقم کو کس نظر سے دیکھتے اور ادا کرتے تھے؟

(الف) اسے اپنے لیے ثواب سمجھتے تھے (ب) اسے محض رسم دنیا جانتے تھے

(ج) اسے بوجھ (چٹی) گردانتے تھے (د) اسے معاشرتی فریضہ سمجھتے تھے

سوال نمبر 4: مسجد ضرار بنانے والوں کا دعویٰ کیا تھا؟

(الف) ہم نے یہ تعلیمی مقاصد کے لیے بنائی (ب) ہم صرف بھلائی چاہتے ہیں

(ج) ہم یہاں کاروبار کریں گے (د) ہم جنگ کی تیاری کے لیے اڈہ بنا رہے ہیں

سوال نمبر 5: ہدایت دی گئی ہے کہ ایسی مسجد میں کھڑے ہونا چاہیے جس کی بنیاد۔۔۔ پر ہو۔

(الف) سب سے بڑی عمارت ہونے (ب) لوگوں کی چاہت

(ج) تقویٰ (د) مال داروں کے عطیات

سوال نمبر 6: ایمان والے اللہ تعالیٰ سے ایک سودا کرتے ہیں جس میں وہ کیا چیزیں پیش کرتے ہیں اور اس کے بدلے جنت پاتے ہیں؟

(الف) جانیں اور مال (ب) صرف خوشامد (ج) صرف ہنر اور عقل (د) صرف عزتِ نفس

سوال نمبر 7: توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے اور نیکی کا حکم دینے والے کے لیے کیا خوشخبری ہے؟

(الف) صرف دنیا کا مال (ب) کسی بھی جزا کا ذکر نہیں (ج) رحمتِ الٰہی اور جنت (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: گناہ گار اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں، دوستی غلط لوگوں سے لگاتے ہیں ان کا انجام کیا ہے؟

(الف) کامیابی کے ضامن بن جائیں گے (ب) عذاب سے بالکل محفوظ رہیں گے

(ج) عذاب میں گرفتار ہوں گے (د) انہیں نرمی سے چھوڑ دیا جائے گا

سوال نمبر 9: بعض آیات میں تعجب ظاہر کیا گیا کہ ایک بشر پر وحی کیوں نازل ہوئی اس بشر نے لوگوں کو کس چیز سے خبردار کیا؟

(الف) مال کی کمی (ب) حکومت چھن جانا (ج) آخرت کے عذاب اور قیامت (د) تجارت کا نقصان

سوال نمبر 10: کائنات میں سورج اور چاند کی روشنی کو کس نے مقرر کیا؟

(الف) فرشتہ (ب) انسان (ج) اللہ ربّ العزت (د) یہ سب از خود ہوا

سوال نمبر 11: کچھ لوگ دنیا کو پسند کرکے آیاتِ الٰہی سے غافل ہوتے ہیں ان کا انجام کیا ہوگا؟

(الف) وہ مزید دنیاوی نعمتیں پائیں گے (ب) انہیں کوئی سزا نہ ہوگی

(ج) دائمی آگ ان کا ٹھکانہ ہے (د) انہیں نجات مل جائے گی

سوال نمبر12:کسی کے دل کو اطمینان دینے والی نعمت کیا ہے؟

(الف)زیادہ دولت (ب)اعلیٰ تعلیم (ج)اللہ کا کلام (د)فرمانِ حکمران

سوال نمبر13:انسان جب مشکل میں ہوتا ہے تو مختلف حالتوں میں اللہ کو پکارتا ہے پھر مشکل دور ہونے پر کیا رویہ اختیار کرتا ہے؟

(الف)شکر میں لگ جاتا ہے (ب)دوبارہ غفلت میں پڑ جاتا ہے (ج)گناہوں سے توبہ کرلیتا ہے (د)ہمیشہ توبہ پر قائم رہتا ہے

سوال نمبر14:حضرت نوح علیہ السلام اور ان پر ایمان لانے والے کس ذریعے سے بچائے گئے؟

(الف)اونٹوں کے ذریعے (ب)ایک بڑی دیوار بنا کر

(ج)ایک کشتی کے ذریعے طوفان سے نجات دی گئی (د)بادلوں کی اوٹ میں

سوال نمبر15:بار بار ارشاد ہوا ہے کہ انسانوں کو صرف ایک ہی ربّ کو خالق و مدبّر ماننا چاہیے اس بارے میں کیا ہدایت ملتی ہے؟

(الف)تمام معبودوں کو برابر سمجھا جائے (ب)صرف والدین کا حکم مانا جائے

(ج)ہر طاقت ور حاکم کو خالق سمجھا جائے (د)خدائی صرف اللہ کو زیبا ہے

سوال نمبر16:ایک مقام پر کہا گیا کہ:"آیات محکم ہیں اور خوب تفصیل سے بیان ہوئی ہیں" ان کے بارے میں کیا رویہ اختیار کرنے کا حکم ہے؟

(الف)ان پر غور و فکر کیا جائے (ب)انہیں کتابوں میں بند رکھا جائے

(ج)انہیں صرف علما تک محدود رکھا جائے (د)انہیں بدل دینے کی کوشش کی جائے

سوال نمبر17:حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو خبردار کیا کہ اگر وہ شرک پر اصرار کریں گے تو۔۔۔نازل ہو سکتا ہے۔

(الف)مزید دیرپا خوشحالی (ب)بیرونی حملہ (ج)سخت عذاب (د)کوئی نقصان نہیں ہو گا

سوال نمبر18:حضرت نوح علیہ السلام کی قوم پر۔۔۔کا عذاب نازل ہوا۔

(الف)پانی (ب)آگ (ج)زلزلہ (د)آندھی

سوال نمبر19:ایک قوم نے توحید کی طرف بلانے والے نبی کی دعوت کو ماننے سے انکار کر دیا ان کے انکار کو کس نام سے پکارا گیا؟

(الف)اخلاقی جرم (ب)معاہدے کی خلاف ورزی (ج)ظلم اور کفر (د)محض غلطی

سوال نمبر20:ایک قصے میں اونٹنی کا ذکر ملتا ہے اونٹنی کیساتھ کیا فعل کرنے کیوجہ سے قوم پر عذاب الٰہی آیا؟

(الف)وہ اونٹنی کی حفاظت نہ کر سکے (ب)انہوں نے اونٹنی کو بیچ دیا

(ج)انہوں نے اونٹنی کو تکلیف دی اور ذبح کر دیا (د)انہوں نے اونٹنی کو پانی دینے سے انکار کیا

سوال نمبر21:قوم لوط پر نازل ہونے والے عذاب میں آسمان سے برستی کن چیزوں کا تذکرہ آیات میں ملتا ہے؟

(الف)بارشِ رحمت (ب)مٹی اور گرد

(ج)گرم پتھروں اور آگ کی بارش (د)پھل اور دانے

سوال نمبر22:ایک قوم کو ناپ تول میں کمی کرنے پر سخت تنبیہ کی گئی کس نبی نے اس قوم کو اس برائی سے منع کیا؟

(الف)حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب)حضرت شعیب علیہ السلام (ج)حضرت ہارون علیہ السلام (د)حضرت ابراہیم علیہ السلام

سوال نمبر23:وہ قوم جس نے کہا کہ اگر تمہارا خاندان نہ ہوتا تو ہم تمہیں سنگسار کر دیتے اس قول میں نبی کو کس چیز کا سہارا سمجھا جا رہا تھا؟

(الف)مال اور تجارت (ب)علم اور وجاہت (ج)خاندان کی حشمت (د)کسی جنگی قوت کا ڈر

سوال نمبر24:کئی قومیں اپنے ظلم کی وجہ سے ہلاک ہوئیں ان کے ہلاک ہونے کی بڑی وجہ کیا تھی؟

(الف)آپس کے اختلافات (ب)دوستیوں کا ختم ہو جانا (ج)وسائل کی کمی (د)انبیاء کی دعوت کا انکار اور کفر پر ڈٹے رہنا

سوال نمبر25:بالآخر کامیابی کن لوگوں کا مقدر بنے گی؟

(الف)جن کے پاس اقتدار ہو گا (ب)جنہوں نے زیادہ دولت اکٹھی کی

(ج)جو تقویٰ اور پرہیزگاری اختیار کریں (د)جنہوں نے بے شمار اولاد پیدا کی

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: ____________ | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل | KANZUL MADARIS BOARD |
| جوابی کاپی نمبر: ____________ | درجہ: **کلیۃالشریعۃ سمسٹر 4** — پرچہ: **دوسرا** — مضمون: **الحدیث وعلومہ** | |
| | تاریخ: **04-02-2025** — دن: **منگل** — کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** — کل نمبر: **75** | |

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: "میرے لیے دنیا سے عورتیں اور خوشبو محبوب بنادی گئی ہیں اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے" اس حدیث کا آسان مفہوم کیا ہے؟

سوال نمبر 2: اگر شوہر کو اپنی بیویوں میں سے کسی ایک کی طرف زیادہ میلان ہو جائے تو حدیث میں اس پر کیا وعید بیان ہوئی ہے؟

سوال نمبر 3: ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے تھے: "اے اللہ! یہ میرا بس ہے جو میں کرتا ہوں، تو مجھے دل کے معاملے میں نہ پکڑ" اس کا سادہ مطلب کیا بنتا ہے؟

سوال نمبر 4: ابن عمر رضی اللہ عنہ نے حائضہ کو طلاق دینے پر نبی ﷺ سے کیا حکم سنا؟

سوال نمبر 5: طلاقِ سنّت سے کیا مراد ہے اور اس کا مختصر طریقہ کیا ہے؟

سوال نمبر 6: ایک موقع پر بعض بیویوں نے رسول اللہ ﷺ سے شکایت کی کہ آپ ایک بیوی کو زیادہ وقت دیتے ہیں اس پر آپ نے جواب میں کیا مثال بیان فرمائی؟

سوال نمبر 7: "تم ان کو ان کی عدت میں طلاق دو" اس کی تفسیر میں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کس طرف اشارہ کیا؟

سوال نمبر 8: بیع مزایدہ کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 9: بیع عربان کے اصول اور مقصد کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 10: نبی کریم ﷺ نے نرخ مقرر کرنے کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

سوال نمبر 11: پھلوں کو سالہاسال کے لیے فروخت کرنے کے متعلق شریعت کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 12: بیع مجازفہ کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

سوال نمبر 13: کھانے سے پہلے وضو کرنے کی فضیلت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 14: اوندھے ہو کر کھانے سے متعلق نبی ﷺ کی کیا ہدایت ہے؟

سوال نمبر 15: مشک سے منہ لگا کر پانی پینے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 16: جھوٹی گواہی دینے کی مذمت پر مبنی حدیث تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: ناجائز شہادت دینے کے متعلق حدیث کے الفاظ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: بیک وقت تین طلاقیں دینے کی سزا سے متعلق حدیث بیان کیجئے۔

سوال نمبر 19: دل میں طلاق دینے کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

سوال نمبر 20: عورتوں کو حاکم بنانا کیسا؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: ازواجِ مطہرات کے باہمی تعلقات اور نبی کریم ﷺ کے حکیمانہ طرزِ عمل کے حوالے سے تفصیل بیان کیجیے۔

سوال نمبر 2: کتاب الطلاق کی روشنی میں طلاق کے مسنون طریقے اور اس کی حکمت و آداب پر مفصل جواب تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 3: شراب کی نحوست کے باعث لعنت زدہ افراد کی تفصیل بیان کیجئے اور ان کے کردار پر احادیث کی تناظر میں روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر 4: مندرجہ ذیل بیوع کی تعریفات اور ان کے اصول تحریر کیجئے۔

بیع سلم — بیع المصراۃ — بیع محاقلہ — بیع منابذہ

سوال نمبر 5: ناجائز اور جھوٹی شہادت سے متعلق احادیث کو تفصیل سے بیان کیجئے اور ان کے اثرات پر روشنی ڈالیے۔

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کہ مجھے دنیا میں دو چیزیں محبوب ہیں۔ وہ دو چیزیں کون سی ہیں؟

(الف) عورتیں اور خوشبو (ب) دولت اور حکومت (ج) صدقہ اور حج (د) کھانا اور پانی

سوال نمبر 2: حضور ﷺ کو عورتوں کے بعد کون سی چیز سب سے زیادہ پسند تھی؟

(الف) گھوڑے (ب) اونٹ (ج) تجارت (د) شہد

سوال نمبر 3: ایک شخص کی دو بیویاں ہوں پھر وہ ایک کی طرف جھکاؤ رکھے تو قیامت کے دن اس کی کیفیت کیا ہو گی؟

(الف) دونوں شانہ برابر ہوں گے (ب) کوئی خاص اثر نہ ہو گا (ج) ایک پہلو لٹکا ہوا ہو گا (د) رسوا ہو گا

سوال نمبر 4: آپ ﷺ نے فرمایا: کہ جذباتی محبت پر انسان کا اختیار نہیں، اس سے کیا مراد ہے؟

(الف) ظاہری عدل میں کمی کی معذرت (ب) جذباتی محبت اللہ کے ہاتھ میں ہے

(ج) محبت میں عدل ممکن نہیں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: کہ آپ ﷺ ظاہری عدل کرتے لیکن دعا کیا کرتے۔ اس کا سبب کیا تھا؟

(الف) دل کا میلان اللہ کے ہاتھ میں ہے (ب) شکایت کی وجہ سے

(ج) عدل کا حکم نہیں تھا (د) سب درست ہیں

سوال نمبر 6: ازواجِ مطہرات کے مابین رقابت کا ذکر کس بات کی علامت ہے؟

(الف) فطری غیرت انسانی جذبہ ہے (ب) رقابت ممنوع ہے

(ج) حسد نہ ہوتا تھا (د) سخت ناراضی ہوتی تھی

سوال نمبر 7: حضور ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو کہا: "جسے میں چاہوں اس سے محبت کرو" اس کا مقصد کیا تھا؟

(الف) سب میں برابری کا حکم (ب) محبت میں جھکاؤ کی اجازت (ج) مطالبہ مان لیا گیا (د) اخلاقی تربیت

سوال نمبر 8: "یہ تو ابو بکر کی بیٹی ہے" اس جملے سے کیا مراد ہے؟

(الف) حضرت ابو بکر کا مقام (ب) ازواج کے اختلافات کا حل (ج) حضرت عائشہ کی عقلی مضبوطی (د) سب درست ہیں

سوال نمبر 9: "حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت عورتوں پر ایسی ہے جیسے۔۔۔"

(الف) سورج کی ستاروں پر (ب) والدہ کی اولاد پر (ج) ثرید کی باقی کھانوں پر (د) سونے کی چاندی پر

سوال نمبر 10: اگر حالتِ حیض میں طلاق دے دی جائے تو کیا مشورہ دیا گیا؟

(الف) رجوع کرے، پھر پاکی میں طلاق دے (ب) کچھ نہیں ہو سکتا

(ج) دوسری شادی کرے (د) تین طلاقیں شمار ہوں گی

سوال نمبر11: قرآن کریم میں طلاق کا صحیح وقت کون سا بیان ہوا ہے؟

(الف) ایّامِ حیض (ب) حمل کے دن (ج) پاکی، جماع سے پہلے (د) کسی وقت

سوال نمبر12: تین مرتبہ ایک ہی وقت میں طلاق دینے کے بجائے پاکی کے بعد طلاق دینے کا فائدہ کیا ہے؟

(الف) صلح کی گنجائش رہتی ہے (ب) عدل کا تقاضا پورا ہوتا ہے (ج) مالی بوجھ کم ہوتا ہے (د) شرعاً فرق نہیں پڑتا

سوال نمبر13: اگر حمل کی حالت میں طلاق دی جائے تو عدت کب ختم ہوگی؟

(الف) حمل ختم ہونے پر (ب) پہلے تین ماہ میں (ج) فوراً (د) عدت نہیں ہوگی

سوال نمبر14: "حُبِّبَ إِلَيَّ النِّسَاءُ وَالطِّيبُ" کے ساتھ "قُرَّةُ عَيْنِي فِي الصَّلٰوةِ" کا مطلب کیا ہے؟

(الف) میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے (ب) خوشبو ممنوع ہے

(ج) عورتیں ہی پسند تھیں (د) سکون صرف جہاد میں ہے

سوال نمبر15: حضرت انس رضی اللہ عنہ کے مطابق ازواج مطہرات کے جھگڑوں پر حضور ﷺ کا ردعمل کیا تھا؟

(الف) سخت ناراضی (ب) تبسم فرمایا (ج) سزا دی (د) معاملہ قضا کے سپرد فرمایا

سوال نمبر16: جب آپ ﷺ نے پچھنے لگوائے تو حجام کو کیا دیا؟

(الف) اجرت دی (ب) اجرت نہ دی (ج) صدقہ دیا (د) کچھ نہ دیا

سوال نمبر17: آپ ﷺ نے گانے والی عورتوں کی کمائی کے متعلق کیا فرمایا؟

(الف) جائز (ب) مکروہ (ج) حرام (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر18: حدیث پاک کے مطابق سب سے اچھا کمائی کرنے والا کون ہے؟

(الف) دیانت دار تاجر (ب) محنتی کسان (ج) سخاوت کرنے والا (د) دولت مند

سوال نمبر19: بیع کے دوران قسم کھانے کا کفارہ کیا ہے؟

(الف) زکوۃ دینا (ب) صدقہ دینا (ج) توبہ کرنا (د) زبان روکنا

سوال نمبر20: اگر کوئی چیز دے کر واپس لے تو اسے کس سے تشبیہ دی گئی ہے؟

(الف) حریص انسان (ب) قے چاٹنے والے کتے (ج) لالچی (د) بخیل

سوال نمبر21: کیا والد اپنی اولاد کو دی گئی چیز واپس لے سکتا ہے؟ حکم بیان کیجیے۔

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) حرام (د) مکروہ

سوال نمبر22: حضرت زکریا علیہ السلام کس پیشے سے منسلک تھے؟

(الف) لوہے کا کام (ب) لکڑی کا کام (ج) رنگریز (د) صراف

سوال نمبر23: مال روک کر مہنگا بیچنے والے کے بارے میں کیا فرمایا گیا؟

(الف) خودغرض (ب) ذخیرہ اندوز (ج) ملعون (د) لالچی

سوال نمبر24: اگر پاکی کے دنوں میں طلاق دی جائے تو رجوع کی اجازت کب تک ہے؟

(الف) عدت کے دوران (ب) عدت ختم ہونے پر (ج) فوراً (د) رجوع نہیں ہو سکتا

سوال نمبر25: نبی ﷺ کے نزدیک تجارت اور تقویٰ کے ساتھ کی گئی دولت کا کیا مقام ہے؟

(الف) مباح (ب) مستحب (ج) مستحسن (د) کوئی حرج نہیں

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

KANZUL MADARIS BOARD

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 4** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **العقیدۃ**

تاریخ: **06-02-2025** دن: **جمعرات** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی قوم کو کس طرح توحید کا درس دیا؟

سوال نمبر 2: فطرت اللہ کی تعریف قرآن مجید میں کیسے بیان کی گئی ہے؟

سوال نمبر 3: اللہ تعالیٰ کے وجود پر غور و فکر کرنے کے لیے قرآن کن مخلوقات کا ذکر کرتا ہے؟

سوال نمبر 4: نصاریٰ کے عقیدہ تثلیث کو قرآن کیسے رد کرتا ہے؟

سوال نمبر 5: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کے حق میں قرآن کون سے معجزات ذکر کرتا ہے؟

سوال نمبر 6: توحید کی پہلی دلیل کے مطابق، اللہ کے علاوہ کسی چیز کو خالق کیوں نہیں مانا جاسکتا؟

سوال نمبر 7: قرآن کریم کس طرح بتوں کی بے بسی کو ظاہر کرتا ہے؟

سوال نمبر 8: مجوسیوں کے نظریے کا بطلان کن دو وجوہات پر مبنی ہے؟

سوال نمبر 9: طبیعات کی تاثیر کے قائلین کا نظریہ کیا ہے؟

سوال نمبر 10: اللہ پاک کی کوئی تین صفات لکھئے۔

سوال نمبر 11: رسول پاک ﷺ کی نبوت کے اثبات میں کوئی ایک قرآنی آیت لکھئے۔

سوال نمبر 12: قرآن کی فصاحت کا کفار پر کیا اثر ہوا؟

سوال نمبر 13: رسول اللہ ﷺ کے کوئی سے تین معجزات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: اللہ پاک نے انبیاء کو مبعوث کرنے کا کیا مقصد ارشاد فرمایا ہے؟

سوال نمبر 15: یہودیوں نے شریعت کے نسخ کا انکار کیوں کیا؟

سوال نمبر 16: اللہ پاک نے معاد کے اثبات کے لیے کون سی اہم بات بیان فرمائی؟

سوال نمبر 17: قرآن کے نزول کے بعد آسمان کی حفاظت کے لیے کیا اقدام ہوا؟

سوال نمبر 18: طبیعات کی تاثیر کا نظریہ کن بنیادوں پر رد کیا گیا؟

سوال نمبر 19: رسول اللہ ﷺ کے معجزات میں کون سی خصوصیات پائی جاتی ہیں؟

سوال نمبر 20: شریعت کی تبدیلی کے خلاف یہود کے اعتراض کا جواب کیا ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: قرآن مجید کی روشنی میں زمین، آسمان، اور انسانی تخلیق کے حوالے سے اللہ کے وجود کے دلائل تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: عقیدہ تثلیث کی تردید بالتفصیل اسلامی نصوص کی روشنی میں کیجئے۔

سوال نمبر 3: اللہ کی صفات کے اثبات کے لیے کون سے عقلی دلائل دیے جاسکتے ہیں؟

سوال نمبر 4: رسول اللہ ﷺ کی نبوت کے اثبات کے لیے قرآن اور معجزات کی کیا اہمیت ہے؟

سوال نمبر 5: یہود کے نظریے کا رد کن وجوہات کی بنیاد پر کیا گیا؟

رول نمبر: ____________

دستخط اُمیدوار: ___________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **کلیۃالشریعۃ سمسٹر 4** | پرچہ: **تیسرا** | مضمون: **العقیدۃ**

تاریخ: **06-02-2025** | دن: **جمعرات** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مفتش: ____________

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25=25x1)**

سوال نمبر 1: ذات باری تعالی کے وجود کو ثابت کرنے والے دلائل کی کیا خصوصیت ہے؟

(الف) محدود ہیں (ب) شمار میں نہیں لائے جاسکتے (ج) صرف عقلی ہیں (د) صرف نقلی ہیں

سوال نمبر 2: کون سی مخلوق اللہ تعالیٰ کے وجود پر دلالت نہیں کرتی؟

(الف) زمین (ب) پہاڑ (ج) حیوانات (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 3: اللہ تعالی کے وجود پر دلیل کے لیے قرآن پاک میں کیا چیز کثرت سے آئی ہے؟

(الف) حکایات (ب) موجودات (ج) معجزات (د) عذاب

سوال نمبر 4: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کائنات کی کس چیز کو دیکھ کر اللہ کے وجود پر دلیل دی؟

(الف) پہاڑ (ب) چاند، سورج اور ستارے (ج) پانی (د) نباتات

سوال نمبر 5: قرآن میں کس قوم پر پتھراؤ کا ذکر ہے؟

(الف) عاد (ب) ثمود (ج) مدین (د) ان سب پر

سوال نمبر 6: فطرتِ سلیمہ۔۔۔پر شاہد ہے۔

(الف) اللہ کے وجود (ب) نبوت (ج) جنت (د) عبادت

سوال نمبر 7: قرآن سے فطرتِ انسانی کی تصدیق کون سا جملہ کرتا ہے؟

(الف) ہر انسان محتاج ہے (ب) ﴿فِطرَتَ اللهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيهَا﴾

(ج) انسان آزاد ہے (د) عبادت فرض ہے

سوال نمبر 8: "لا إلٰہ إلا اللہ" کے معنی کیا ہیں؟

(الف) خدا ایک ہے (ب) سب عبادت کریں (ج) کوئی خدا نہیں (د) صرف اللہ عبادت کے لائق ہے

سوال نمبر 9: نصاریٰ کے کس نظریے کو قرآن رد کرتا ہے؟

(الف) عیسیٰ نبی ہیں (ب) تثلیث کا عقیدہ (ج) عیسیٰ اللہ کے بیٹے ہیں (د) ب اور ج دونوں

سوال نمبر 10: قرآن پاک کی کون سی آیت وحدانیت پر دلیل فراہم کرتی ہے؟

(الف) ﴿لَو كَانَ فِيهِمَآ اٰلِهَةٌ إِلَّا اللهُ لَفَسَدَتَا﴾ (ب) ﴿مَّا تَرَىٰ فِي خَلقِ الرَّحمٰنِ مِن تَفٰوُتٍ﴾

(ج) ﴿قُلِ الحَمدُ لِلّٰهِ﴾ (د) ﴿وَقُل جَآءَ الحَقُّ﴾

سوال نمبر 11: انسان کے تخلیقی مراحل قرآن کی کس سورہ میں بیان کیے گئے ہیں؟

(الف) البقرۃ (ب) المؤمنون (ج) النساء (د) الروم

سوال نمبر12: بت پرستوں کے عقیدے کو کس بنیاد پر رد کیا گیا؟

(الف) بت خود تراشے جاتے ہیں (ب) بت حی نہیں ہیں (ج) بتوں کو فنا حاصل ہے (د) سب درست

سوال نمبر13: نصاریٰ کے۔۔۔ گروہ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کہا۔

(الف) تثلیث والے (ب) خدا کے بیٹے والے (ج) مسیح خدا ہے والے (د) سب نے

سوال نمبر14: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو۔۔۔ کی دعوت دی۔

(الف) وحدانیت (ب) تثلیث (ج) آزادی (د) عذاب

سوال نمبر15: قرآن پاک کس بات پر زور دیتا ہے؟

(الف) فطرت کی اہمیت (ب) عقل و دلیل (ج) موجودات پر غور (د) سب پر

سوال نمبر16: کائنات کے نظام کی وحدانیت کیا ظاہر کرتی ہے؟

(الف) خدا دو ہیں (ب) خدا نہیں (ج) خدا ایک ہے (د) خدا تین ہیں

سوال نمبر17: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کس قوم کے خلاف دلیل دی؟

(الف) عاد (ب) ثمود (ج) بت پرست (د) نصاریٰ

سوال نمبر18: فطرتِ انسانی کس چیز کی طرف رجوع کرتی ہے؟

(الف) شرک (ب) رب کی عبادت (ج) بے نیازی (د) مخلوق

سوال نمبر19: نصاریٰ نے حضرت عیسیٰ کے بارے میں کیا دعویٰ کیا؟

(الف) نبی ہیں (ب) خدا ہیں (ج) خدا کے بیٹے ہیں (د) ب اور ج دونوں

سوال نمبر20: قرآن کی کس آیت میں بتایا گیا ہے کہ تمام انسان اللہ کے بندے ہیں؟

(الف) ﴿وَمَا يَنبَغِي لِلرَّحْمٰنِ أَن يَتَّخِذَ وَلَدًا﴾ (ب) ﴿قُل أَفَرَءَيتُم مَّا تَدعُونَ﴾

(ج) ﴿وَإِذ أَخَذَ رَبُّكَ﴾ (د) ﴿هٰذَا خَلقُ اللّٰهِ﴾

سوال نمبر21: بت پرستی کے خلاف حضرت ابراہیم کی دلیل کیا تھی؟

(الف) بت خود تراشے جاتے ہیں (ب) بت سنتے نہیں (ج) بت دیکھتے نہیں (د) سب درست

سوال نمبر22: تثلیث کے عقیدے کو کس آیت میں رد کیا گیا؟

(الف) ﴿لَّقَد كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوٓاْ إِنَّ اللّٰهَ هُوَ المَسِيحُ﴾ (ب) ﴿لَو كَانَ فِيهِمَآ اٰلِهَةٌ﴾

(ج) ﴿إِنَّ مَثَلَ عِيسَىٰ﴾ (د) ﴿لَّقَد كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوٓاْ إِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ﴾

سوال نمبر23: قرآن کریم بتوں کے کیا اوصاف بیان کرتا ہے؟

(الف) سنتے ہیں (ب) دیکھتے ہیں (ج) کسی کام نہیں آتے (د) سب کام کرتے ہیں

سوال نمبر24: اللہ کی وحدانیت پر دلیل کون فراہم کرتا ہے؟

(الف) انبیاء (ب) موجودات (ج) فطرت (د) سب

سوال نمبر25: قرآن میں حضرت عیسیٰ کے معجزات کو کس طرح بیان کیا گیا؟

(الف) اللہ کے حکم سے (ب) اپنی طاقت سے (ج) بغیر کسی وجہ کے (د) نصاریٰ کے کہنے پر

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: ______________ <br> جوابی کاپی نمبر: ______________ | **سالانہ امتحان2025ء/1446ھ** <br> کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل <br> درجہ: **کلیۃالشریعۃسمسٹر4** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **الفقہوعلومہ** <br> تاریخ: **08-02-2025** دن: ہفتہ کل وقت: **2 گھنٹے30منٹ** کل نمبر: **75** | KANZUL MADARIS BOARD |

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر1: نکاح کے لیے کون سے دو الفاظ ضروری ہیں؟

سوال نمبر2: مسلمان کے نکاح کے لیے کتنے گواہوں کی ضرورت ہے؟

سوال نمبر3: کتابیات اور مجوسیات سے نکاح کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر4: کیا محرم اور محرمہ احرام کی حالت میں نکاح کر سکتے ہیں؟

سوال نمبر5: ابو حنیفہ کے نزدیک بالغ عورت کا نکاح کس صورت میں جائز ہے؟

سوال نمبر6: کیا نکاح میں مہر کی شرط ضروری ہے؟

سوال نمبر7: کم از کم مہر کتنا ہونا چاہیے؟

سوال نمبر8: کیا نکاح مؤقت (متعہ) جائز ہے؟

سوال نمبر9: کن افراد کو نکاح کی ولایت حاصل نہیں؟

سوال نمبر10: طلاق کی کتنی قسمیں ہیں؟

سوال نمبر11: طلاق احسن کا طریقہ کیا ہے؟

سوال نمبر12: طلاق بدعت کی مثال دیجیے۔

سوال نمبر13: طلاق رجعی کیسے دی جاتی ہے؟

سوال نمبر14: کیا بیوی کو نکاح کے بعد نکاح فسخ کرنے کا اختیار ہے؟

سوال نمبر15: عورت کی عدت کتنی مدت ہوتی ہے؟

سوال نمبر16: اصول فقہ کی تعریف کیا ہے؟

سوال نمبر17: اصول فقہ کی بنیاد کس چیز پر ہے؟

سوال نمبر18: اصول فقہ کا آغاز کب ہوا؟

سوال نمبر19: خاص اور عام کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر20: کتاب اللہ کی اہمیت کو مختصر اواضح کیجیے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر1: کن رشتوں سے نکاح حرام ہے اور اس کی کیا وجوہات ہیں؟

سوال نمبر2: طلاق رجعی اور طلاق بائن میں کیا فرق ہے؟ بالتفصیل بیان کیجیے۔

سوال نمبر3: مہر کے تعین اور اس کی اہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر4: اصول فقہ کے تعارف اور اس کی تاریخ پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر5: اصول فقہ کی تاریخ میں اہم شخصیات اور ان کی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

## حصہ اول: معروضی

## کثیرالانتخابی سوالات(MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25x1=25)**

سوال نمبر1: نکاح کن الفاظ سے منعقد ہوتا ہے؟

(الف)ماضی کے دو الفاظ (ب)ماضی اور مستقبل کے الفاظ (ج)ماضی یا حال کے الفاظ (د)حال اور مستقبل کے الفاظ

سوال نمبر2: نکاح کے لیے کم از کم کتنے گواہوں کی ضرورت ہے؟

(الف)ایک (ب)دو (ج)تین (د)چار

سوال نمبر3: کن عورتوں سے نکاح جائز نہیں ہے؟

(الف)ماں اور دادی (ب)بیٹی اور پوتی (ج)بہن اور پھوپھی (د)سب

سوال نمبر4: ایک مسلمان کے لیے کن غیر مسلم عورتوں سے نکاح جائز ہے؟

(الف)مجوسیہ (ب)کتابیہ (ج)بت پرستہ (د)کوئی نہیں

سوال نمبر5: عورت کے نکاح کے لیے ولی کی موجودگی کے بغیر نکاح کس کے نزدیک جائز ہے؟

(الف)امام مالک (ب)امام شافعی (ج)امام ابو حنیفہ (د)امام احمد

سوال نمبر6: نابالغ لڑکی کے نکاح کا اختیار کس کو ہے؟

(الف)اس کا ولی (ب)اس کا شوہر (ج)اس کی والدہ (د)کوئی نہیں

سوال نمبر7: نکاح کے لیے کم از کم مہر کتنا مقرر کیا گیا ہے؟

(الف)پانچ درہم (ب)دس درہم (ج)بیس درہم (د)تیس درہم

سوال نمبر8: نکاح کے معاہدے میں کن شرائط پر نکاح جائز نہیں ہوگا؟

(الف)مستقبل میں طلاق کی شرط (ب)مہر کا معاف کرنا (ج)شادی کی مدت مقرر کرنا (د)دونوں الف اور ج

سوال نمبر9: اگر عورت کو مہر نہ دیا جائے تو وہ کیا حق رکھتی ہے؟

(الف)نکاح فسخ کروانا (ب)مہر مثل کا مطالبہ (ج)شوہر سے علیحدگی (د)کچھ نہیں

سوال نمبر10: نکاح کی کفاءت کن امور پر منحصر ہے؟

(الف)نسب (ب)دین (ج)مال (د)سب

سوال نمبر11: چار بیویوں کے ہوتے ہوئے پانچویں سے نکاح کب جائز ہوگا؟

(الف)کسی بیوی کو طلاق دی اور اس کی عدت بھی گزر گئی (ب)کسی بیوی کی وفات کے بعد

(ج)الف اور ب دونوں　　(د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر12:اگر شوہر میں جذام یا برص ہو تو کس کے نزدیک عورت کو اختیار ہے؟

(الف)امام ابو حنیفہ　　(ب)امام مالک　　(ج)امام شافعی　　(د)امام محمد

سوال نمبر13:نکاح مؤقت کا کیا حکم ہے؟

(الف)جائز　　(ب)مکروہ　　(ج)باطل　　(د)مستحب

سوال نمبر 14 :اصول فقہ کے کتنے ماخذ ہیں؟

(الف)چار　　(ب)تین　　(ج)دو　　(د)پانچ

سوال نمبر 15 :کتاب اللہ کی حیثیت اصول فقہ میں کیا ہے؟

(الف)پہلا ماخذ　　(ب)دوسرا ماخذ　　(ج)تیسرا ماخذ　　(د)چوتھا ماخذ

سوال نمبر 16 :خاص کسے کہتے ہیں؟

(الف)معین لفظ　　(ب)غیر معین لفظ　　(ج)عمومی لفظ　　(د)محدود مفہوم

سوال نمبر 17 :عام کا مطلب کیا ہے؟

(الف)جمع کا حکم دینے والا لفظ　　(ب)محدود دائرے والا لفظ　　(ج)معین لفظ　　(د)غیر واضح لفظ

سوال نمبر18:تین قروء کی تفسیر میں امام شافعی نے کیا مفہوم لیا؟

(الف)طہر　　(ب)حیض　　(ج)دونوں　　(د)کوئی نہیں

سوال نمبر19:عام کو کتنے اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(الف)دو　　(ب)تین　　(ج)چار　　(د)ایک

سوال نمبر 20 :کلمہ "ما" کا مطلب کیا ہے؟

(الف)عام　　(ب)خاص　　(ج)محدود　　(د)مبہم

سوال نمبر 21 :لفظ "قروء" کس طرح کا لفظ ہے؟

(الف)مشترک　　(ب)مجاز　　(ج)خاص　　(د)عام

سوال نمبر 22 :مشترک کسے کہتے ہیں؟

(الف)ایک لفظ جو کئی معانی رکھتا ہو　　(ب)ایک لفظ جو محدود معنی رکھتا ہو

(ج)معین لفظ　　(د)عمومی لفظ

سوال نمبر 23 :مؤول کسے کہتے ہیں؟

(الف)تعبیر شدہ لفظ　　(ب)غیر معین لفظ　　(ج)خاص لفظ　　(د)عام لفظ

سوال نمبر 24 :کتاب اللہ کے مطلق حکم میں شرط کب لگائی جاسکتی ہے؟

(الف)جب قیاس ہو　　(ب)جب اجماع ہو　　(ج)جب نص ہو　　(د)نہیں لگائی جاسکتی

سوال نمبر 25 :ابو حنیفہ کے مطابق مشترک لفظ کو کیا قرار دیا جاتا ہے؟

(الف)نیت پر منحصر　　(ب)واضح　　(ج)معین　　(د)محدود

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل<br>درجہ: **کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 4** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **السیرۃ النبویۃ**<br>تاریخ: **10-02-2025** دن: **پیر** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75** | رول نمبر: ______________<br>جوابی کاپی نمبر: ______________ |

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: صلح الحدیبیہ کا مقصد کیا تھا؟

سوال نمبر 2: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سہیل بن عمرو کی کس شرط کو تسلیم کیا؟

سوال نمبر 3: صلح الحدیبیہ کے وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا کیا ردِ عمل تھا؟

سوال نمبر 4: صلح الحدیبیہ کے دوران سہیل بن عمرو کے بیٹے ابو جندل نے کیا کیا؟

سوال نمبر 5: بیعت رضوان کس موقع پر ہوئی؟

سوال نمبر 6: غزوۂ بدر کے آغاز میں مسلمانوں کے اصل ہدف اور مقصد کو مختصر بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: غزوۂ اُحد کے دوران رماۃ (تیر اندازوں) نے کون سی بڑی غلطی کی جس کا نقصان اُٹھانا پڑا؟

سوال نمبر 8: بیعتِ رضوان کس خبر کے سبب اور کس مقام پر ہوئی؟

سوال نمبر 9: صلح حدیبیہ میں نبی پاک ﷺ نے مشرکین سے ایک مشکل شرط کیوں قبول فرمائی؟

سوال نمبر 10: غزوۂ خیبر کے وقت مسلمانوں کی تعداد اور یہودیوں کی مرکزی قوت کہاں بیٹھی تھی؟

سوال نمبر 11: حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی آمد پر نبی کریم ﷺ نے ان کا استقبال کیسے کیا؟

سوال نمبر 12: فتح مکہ میں ابو سفیان کا کردار کیوں اہم سمجھا جاتا ہے؟

سوال نمبر 13: غزوۂ بدر میں نبی کریم ﷺ نے پانی کی حکمتِ عملی کے متعلق حباب بن منذر رضی اللہ عنہ کی بات کیوں مانی؟

سوال نمبر 14: بیعتِ رضوان میں نبی کریم ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی نمائندگی کیسے کی؟

سوال نمبر 15: غزوۂ اُحد میں نبی کریم ﷺ نے چند یہودیوں کی مدد کیوں رد کر دی؟

سوال نمبر 16: حدیث میں نبی کریم ﷺ کی قامت کے متعلق کیا الفاظ استعمال ہوئے ہیں؟

سوال نمبر 17: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کے سفید بال کتنے یا کس مقام پر دیکھے گئے؟

سوال نمبر 18: عروۃ بن مسعود نے نبی کریم ﷺ کے وضو کے پانی اور تھوک کے بارے میں کیا خاص مشاہدہ بیان کیا تھا؟

سوال نمبر 19: جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو نبی کریم ﷺ کے دستر خوان پر کھانے کے بعد وضو کی پیش کش کی گئی تو آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

سوال نمبر 20: نبی کریم ﷺ کے برتن (قدح) سے متعلق حضرت انس بن مالک رضی اللہ نے کون کون سے مشروبات کے پینے کا ذکر کیا؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: صلح الحدیبیہ کے نتائج اور حکمتیں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: غزوہ بدر الکبری کے اسباب و واقعات پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر 3: غزوہ بدر و احد میں رونما ہونے والے واقعات کو سامنے رکھتے ہوئے تین پہلوؤں (مشاورت، توکل علی اللہ، شریعت کی پیروی) پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر 4: نبی پاک ﷺ کے ظاہری حلیہ مبارک خاص کر قد و قامت، چہرہ مبارک، سر مبارک کی صفات کو احادیث سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: رسول اللہ ﷺ کی غذائی عادات و آداب پر تفصیلی نوٹ تحریر کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخطِ اُمیدوار: ___________

**سالانہ امتحان2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **کلیۃالشریعۃسمسٹر4** | پرچہ: **پانچواں** | مضمون: **السیرۃالنبویۃ**

تاریخ: **10-02-2025** | دن: **پیر** | کل وقت: **30منٹ** | کل نمبر: **25**

امتحانی سنٹر: ___________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: __________ دستخط مفتش: _________

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ اول: معروضی

## کثیرالانتخابی سوالات(MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25x1=25)**

سوال نمبر1: صلح حدیبیہ کس مہینے اور سال میں ہوا؟

(الف)ذی القعدہ،6ہجری (ب) محرم،5ہجری (ج) ربیع الاول،6ہجری (د)صفر،5ہجری

سوال نمبر2: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صلح الحدیبیہ کے دوران اپنی حفاظت کے لئے کیا عمل کیا؟

(الف) قلعہ بند ہوگئے (ب) قریش کے ساتھ معاہدہ کیا (ج)صحابہ کو ہتھیار دیئے (د)ہدی کے جانور ساتھ لے گئے

سوال نمبر3: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے حالات جاننے کے لئے کس کو بھیجا؟

(الف)بشر بن سفیان (ب)خالد بن ولید (ج)عروہ بن مسعود (د)ابو سفیان

سوال نمبر4: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کے بیٹھ جانے کی کیا وجہ تھی؟

(الف)راستہ بھٹک گئی تھی (ب) تھک گئی تھی (ج)بیمار ہوگئی تھی (د)حابس الفیل کی مانند روک دی گئی تھی

سوال نمبر5: عروہ بن مسعود نے صحابہ کرام کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کے کون سے مظاہر بیان کیے؟

(الف)وضو کا پانی حاصل کرنا، حکم کی فوراً تعمیل کرنا، اور آواز دھیمی رکھنا (ب)ہدی کے جانور ذبح کرنا

(ج)مکہ میں داخلے کی اجازت لینا (د) قریش کے ساتھ صلح کرنا

سوال نمبر6: صلح الحدیبیہ میں قریش کی طرف سے کون نمائندہ بن کر آیا؟

(الف)سہیل بن عمرو (ب)ابوسفیان (ج)خالد بن ولید (د)عروہ بن مسعود

سوال نمبر7: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صلح الحدیبیہ کا معاہدہ کس کے ہاتھوں لکھوایا؟

(الف)حضرت علی رضی اللہ عنہ (ب)حضرت عمر رضی اللہ عنہ (ج)حضرت عثمان رضی اللہ عنہ (د)حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ

سوال نمبر8: سورۃ الفتح کس موقع پر نازل ہوئی؟

(الف) صلح الحدیبیہ کے بعد (ب)غزوہ بدر کے بعد (ج) فتح مکہ کے بعد (د)غزوہ احد کے بعد

سوال نمبر9: صلح الحدیبیہ کی مدت کتنے سال مقرر کی گئی؟

(الف)دس سال (ب)پانچ سال (ج)پندرہ سال (د)بیس سال

سوال نمبر10: صلح الحدیبیہ کے تحت مسلمانوں کو اگلے سال مکہ مکرمہ میں داخل ہونے کی اجازت کس شرط پر دی گئی؟

(الف)صرف تلوار کے نیام کے ساتھ (ب)بغیر ہتھیار کے

(ج) قریش کے اجازت نامے کے ساتھ (د)مکہ کے کسی باشندے کے ساتھ

سوال نمبر11: غزوۂ بدر کا بنیادی سبب کیا تھا؟

(الف)یہودیوں کی عہد شکنی (ب)شام سے آنے والے قریشی تجارتی قافلے کو روکنا

(ج)مدینہ پر مشرکین کے فوری حملے کی خبر (د)مکہ میں موجود مسلمانوں کے اہل وعیال کی حفاظت

سوال نمبر12: غزوۂ بدر میں مسلمانوں کی تعداد تقریباً کتنی تھی؟

(الف)70 (ب)314 (ج)700 (د)1000

سوال نمبر13: غزوۂ اُحد میں نبی کریم ﷺ نے کوہِ اُحد کے عقب میں کتنے تیر انداز متعین کیے تھے؟

(الف) دس (ب) پچیس (ج) پچاس (د) سو

سوال نمبر14: صلح حدیبیہ کے وقت رسول اللہ ﷺ نے کس طرح کے شرائط پر حیرانی کا اظہار کرنے کے باوجود صلح قبول فرمائی؟

(الف) سخت اور بظاہر یک طرفہ (ب) نرم اور سہولت والی (ج) غیر واضح اور مبہم (د) صرف مالی ادائیگی والی

سوال نمبر15: بیعتِ رضوان کس اہم واقعے کے بعد عمل میں آئی؟

(الف) مکہ فتح ہونے کے فوراً بعد (ب) غزوۂ بدر کے فوراً بعد

(ج) عثمان بن عفان رضی اللہ کے مکہ میں رُکے رہنے اور قتل کی افواہ پر (د) مشرکین کے ساتھ غزوۂ احد کے بعد

سوال نمبر16: غزوۂ خیبر میں رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو جھنڈا دینے سے قبل کیا فرمایا تھا؟

(الف) اب تم فتح کے لیے نکل چکے ہو (ب) اگلا دن اس کے لیے ہوگا جو اللہ اور رسول کو محبوب ہوگا

(ج) سارے مسلمان اکٹھے ہو کر جاؤ (د) زہر سے بچ کر رہنا

سوال نمبر17: فتح مکہ کا اہم سبب کیا بنا جس نے قریش کو عہد شکنی پر مجبور کیا؟

(الف) غزوۂ حنین کی شکست (ب) قبیلۂ بنی بکر کو خزاعہ کے خلاف مدد دینا

(ج) نبی ﷺ کے ساتھ مکّہ والوں کی نئی شرطیں (د) ابوسفیان کا اسلام قبول کرنا

سوال نمبر18: بیعتِ رضوان کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی عدم موجودگی میں ان کا ہاتھ کس طرح بیعت میں شامل فرمایا؟

(الف) کوئی بیعت نہ لی (ب) اپنے دائیں ہاتھ پر بائیں ہاتھ رکھ لیا

(ج) اپنے ہاتھ پر اپنا دوسرا ہاتھ رکھ کر فرمایا: "یہ عثمان کی طرف سے ہے" (د) اصحاب کو تلقین فرمائی کہ اپنے طور پر عثمان کے لیے بھی بیعت کر لیں

سوال نمبر19: کس غزوہ میں رسول اللہ ﷺ نے جزوی دفاع کے بجائے براہِ راست دعوتی وجہ سے یہودیوں پر پیش قدمی کی؟

(الف) غزوۂ بدر (ب) غزوۂ اُحد (ج) غزوۂ احزاب (د) غزوۂ خیبر

سوال نمبر20: صلح حدیبیہ کے متعلق قرآن مجید میں کس اصطلاح کا استعمال ہوا ہے؟

(الف) یوم الفرقان (ب) فتحاً قریبا (ج) غزوۃ السّلم (د) بیعتُ الرضوان

سوال نمبر21: آپ ﷺ کے بالوں کی لمبائی کہاں تک ہوا کرتی تھی؟

(الف) کندھوں تک (ب) کانوں کی لو تک (ج) ناف تک (د) چھوٹی چھوٹی لٹیں تھیں

سوال نمبر22: حدیث میں آیا ہے کہ نبی کریم ﷺ ایک مرتبہ کھانا تناول فرما رہے تھے کہ ایک اعرابی آیا اور چند ہی لقموں میں کھانا ختم کرنے لگا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس رویّے کی نسبت کیا ارشاد فرمایا؟

(الف) اس نے کھانا بچا لیا (ب) اس نے سب کو کھانے سے محروم کر دیا

(ج) اگر بسم اللہ پڑھ لیتا تو سب کے لیے کافی ہوتا (د) تم اسے نہ کھاؤ

سوال نمبر23: کس صحابی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ آپ ﷺ کی چال ایسی تھی گویا آپ کسی ڈھلان سے اُتر رہے ہوں؟

(الف) حضرت علی رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ

(ج) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ (د) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ

سوال نمبر24: ام المؤمنین حضرت عائشہ کے قول کے مطابق رسول اللہ ﷺ نے انتقال کے وقت کس قسم کا لباس زیب تن کیا ہوا تھا؟

(الف) ریشمی لباس (ب) سفید عمدہ کپڑے (ج) موٹا اونی جبہ (د) ایک موٹا سا کمبل اور کھردرا سا تہبند

سوال نمبر25: رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کے لیے دعا کرتے ہوئے کس پیغمبر کا حوالہ دیا؟

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت نوح علیہ السلام (ج) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (د) حضرت ابراہیم علیہ السلام